57: سورۃ الحدید

Flow Chart — *Macro Structure*

پیراگراف:5	آیات: 29	مدنیّہ

مرکزی مضمون: لیقوم الناس بالقسط

صحیح عقیدہ توحید کے ساتھ، نفاق، حب دنیا، بخل اور رہبانیت سے بچتے ہوئے مال اور جان کا جہاد کرو! تاکہ ایسی اسلامی حکومت قائم ہو جائے جو تمام پیغمبروں کی طرح عدل وانصاف کر سکے۔

پیراگراف 1:
آیات 1 تا 15
دعوت توحید وایمان وانفاق
صفات الٰہی، دعوت ایمان وانفاق، جہاد کی فضلیت

پیراگراف 2:
آیات 16 تا 17
اہلِ کتاب کی طرح سخت دل نہ بنو۔
قانون رسالت وہدایت

پیراگراف 3:
آیات 18 تا 20
اَجر، ایمان وانفاق،
حقیقت دنیاوآخرت

پیراگراف 4:
آیات 21 تا 24
دعوت مسابقت
بخل سے بچو، جان ومال کے نقصان پر ثابت قدمی کی اپیل، دعوت مسابقت برائے مغفرت وجنت

پیراگراف 5:
آیات 25 تا 29
تمام رسولوں کی بعثت کا مقصد قیامِ عدل ہے۔
رسالت کسی خاص نسل کی جاگیر نہیں، اہل کتاب کو دعوتِ ایمان وانفاق، جہاد وعدل۔ رہبانیت سے بچو

زمانۂ نزول:

سورۃ الحدید، صلح حدیبیہ سے پہلے 5 یا 6 ہجری میں نازل ہوئی، جب مسلمانوں کو اہل کفر سے جانی جہاد کے ساتھ ساتھ مالی جہاد کی سخت ضرورت تھی۔ اس لیے اس سورۃ میں (جہاد بالحدید) یعنی (جہاد بالسیف) کے ساتھ ساتھ (جہاد بالمال) یعنی (انفاق) کی پرزور اپیل کی گئی۔ کتابی ترتیب کے اعتبار سے پہلے سورۃ الحدید ہے، پھر سورۃ المجادلہ، پھر سورۃ الحشر اور پھر سورۃ الممتحنہ۔ نزول ترتیب کے اعتبار سے الحشر ربیع الاول چار (4) ھ میں، پھر سورۃ الحدید پانچ (5) ھ کے ادائل میں نازل ہوئی ہے، پھر سورۃ المجادلہ جنگ احزاب کے بعد پانچ (5) ھ کے اواخر میں، پھر سورۃ الممتحنہ فتح مکہ سے پہلے غالبا آٹھ (8) ھ کے اوائل میں نازل ہوئی۔